کفیل زادہ صاحب نے حلف لیا پھر تمام شرکاء لنچ میں شریک ہوئے۔

## جملہ اراکین وممبران انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی، سندھ

| عہدیداران | اراکین مجلس عاملہ | اعزازی ممبران |
| --- | --- | --- |
| پروفیسر حافظ نظر محمد کلہوڑو صاحب (صدر) | پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی | پروفیسر ڈاکٹر عبدالشہید صاحب (جامعہ کراچی) |
| پروفیسر مولانا محمد صالح صاحب (نائب صدر) | پروفیسر ریاض الدین ربانی صاحب (پرنسپل پریمیئر گورنمنٹ ڈگری کالج) | پروفیسر ڈاکٹر وسیم الدین صاحب (وفاقی اردو یونیورسٹی) |
| پروفیسر پروین جہانگیر صاحب (خاتون نائب صدر) | پروفیسر نفیسہ قدوائی صاحبہ (پرنسپل پوسٹ گریجویٹ لیاقت گورنمنٹ کالج) | ڈاکٹر ثناء اللہ صاحب بھٹو (سند یونیورسٹی) |
| پروفیسر سرور حسین خان صاحب (جنرل سیکریٹری) | پروفیسر سعید اختر صاحب (پرونسپل جناح گورنمنٹ کالج) | پروفیسر ڈاکٹر اسرار علی کلہوڑو (شاہ عبداللطیف یونیورسٹی) |
| پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا صاحب (جوائنٹ سیکریٹری) | پروفیسر نسیم شیخ صاحب (پرنسپل ایس ایم آرٹس کامرس کالج) | |
| پروفیسر نسرین وسیم صاحب (خاتون جوائنٹ سیکریٹری) | پروفیسر بلقیس اختر صاحب (پرنسپل اورنگی گرلز کالج) | |
| پروفیسر مولانا مطیع اللہ سہارن (خزانچی) | پروفیسر ڈاکٹر اشرف سموں صاحب | |
| پروفیسر مولانا محمد عمار خان صاحب (ممبر) | پروفیسر مولانا حافظ خالد حسین صاحب | |
| پروفیسر حافظ حسن عامر صاحب (ممبر) | پروفیسر عبدالحفیظ صاحب | |
| | پروفیسر حافظ ثناء اللہ صاحب | |

پروفیسر ڈاکٹر سعید آرائیں صاحب

پروفیسر ڈاکٹر حافظ ضیاء الدین صاحب

پروفیسر ریحانہ شہزاد صاحب

پروفیسر صبغت اللہ صاحب

پروفیسر عزیز احمد صاحب

پروفیسر مسز طلحہ عمر صاحبہ

پروفیسر سطوت جہاں صاحب

۱۵۔ 15/جنوری 2005ء بروز ہفتہ جناح کالج ناظم آباد میں سیمینار بعنوان اصول تحقیق، تصنیف، تالیف، کالم نگاری کے اہداف وطریقہ کار منعقد ہوا جس کے چیف آرگنائزر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی تھے، یہ سیمینار دو نشستوں پر مشتمل تھا۔ جس کے دعوت نامہ کا عکس درج ذیل ہے۔

# دعوت نامہ

# سیمینار

بعنوان

## اصول تحقیق، تصنیف، تالیف، کالم نگاری کے اہداف و طریقہ کار

مورخہ ۱۵ جنوری ۲۰۰۵ء بروز ہفتہ

بوقت صبح (ساڑھے دس بجے سے) ۱۰:۳۰ بجے تک (دو نشستیں)

## رابطہ کمیٹی

۱۔ پروفیسر سرور حسین خان صاحب۔ جنرل سیکریٹری انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی، سندھ

فون گھر: 6998260 کالج: 6610764 موبائل: 0333-22470312

۲۔ پروفیسر محمد مشتاق صاحب۔ جوائنٹ سیکریٹری انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز

کراچی سندھ

فون گھر6348900 کالج6634172

۳۔ پروفیسر مولانا محمد عمار صاحب، ممبر انجمن استاذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی سندھ

فون گھر4929565 موبائل0300-2445155

چیف آرگنائزر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب

فون6659703 کالج9230296 موبائل0300-2667493

زیر اہتمام

## انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی، سندھ

### اسماء گرامی صدر مجلس/سیمینار و مہمانان خصوصی

☆ جناب سردار منظور علی خان پنہور صاحب وزیر مذہبی امور، صوبہ سندھ

☆ جناب مولانا محمد عمر صادق صاحب ممبر سندھ اسمبلی۔ پارلیمانی لیڈر متحدہ مجلس عمل

☆ جناب پروفیسر رئیس احمد علوی صاحب ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ ہائر ایجوکیشن کراچی

☆ جناب پروفیسر محمد اصغر خان صاحب ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کالجز کراچی

☆ جناب محمد امین خالد صاحب کنٹرولر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کراچی۔

☆ جناب پروفیسر مولانا محمود حسین صدیقی صاحب چیئر مین سیرت چیئر جامعہ کراچی

☆ جناب مولانا محمد اسعد تھانوی صاحب معروف مذہبی اسکالر و مہتمم جامعہ اشرفیہ سکھر

☆ جناب پروفیسر ریاض احسن صاحب صدر سندھ پروفیسر لیکچررز ایسوسی ایشن سندھ

☆ جناب پروفیسر مظاہر مصطفیٰ صاحب سابق پرنسپل قائد ملت گورنمنٹ ڈگری کالج کراچی۔

☆ جناب مفتی محمد نعیم صاحب چانسلر جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کراچی چیف ایڈیٹر اخبار المدارس کراچی۔

☆ جناب حکیم نسیم احمد قاسمی صاحب صدر قاسمی ایجوکیشنل سوسائٹی، سربراہ طبی کالج و قاسمی یونانی ہسپتال و ایڈیٹر ماہنامہ ''صدائے قاسمی''۔

## مقالہ نگار حضرات

- ☆ جناب بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن صاحب، ڈائریکٹر ریلیجز افیئر اینڈ ایجوکیشن ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی۔
- ☆ جناب پروفیسر ڈاکٹر عبد الشہید صاحب ممبر B.A.S.R جامعہ کراچی و سابق ڈائریکٹر شیخ زید سینٹر و چیئر مین شعبہ عربی
- ☆ جناب پروفیسر ڈاکٹر احمد اقبال صاحب سابق استاذ و چیئر مین شعبہ اسلامک کلچر سندھ یونیورسٹی جامشورو۔
- ☆ جناب پروفیسر کمانڈر (ر) ڈاکٹر محمد نواز صاحب پرنسپل اسکول ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی
- ☆ جناب پروفیسر ڈاکٹر نیاز محمد صاحب پرنسپل، گورنمنٹ ماڈل مدینی مدرسہ کراچی۔
- ☆ جناب مولانا ابن الحسن عباسی صاحب معروف مصنف، صحافی مدیر ماہنامہ ''وفاق'' کالم نگار روزنامہ ''اسلام''
- ☆ جناب پروفیسر ڈاکٹر حافظ ضیاء الدین صاحب پروف ریڈر قرآن کریم حکومت سندھ استاذ کامرس اینڈ اکنامکس گورنمنٹ ڈگری کالج، کراچی
- ☆ جناب پروفیسر سرور حسین خان صاحب نصابی کتب کے معروف مصنف و استاذ جناب گورنمنٹ کالج
- ☆ جناب پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب صدر اسلامک ریسرچ اسکالرز ویلفیئر ایسوی ایشن۔

ایم فل/ پی ایچ ڈی سپروائزر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد وفاقی اردو یونیورسٹی اور جامعہ کراچی۔

پہلی نشست صبح ۱۰:۳۰ تا ۱۲:۴۰

دوسری نشست نماز اور کھانے کے وقفہ کے بعد تا اختتام

# ریسرچ اسکالر سے درخواست

محترم المقام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

یہ حقیقت کسی سے مخفی نہیں کہ پاکستان میں صحیح معنوں میں اسلامی تحقیقی مجلات کی کمی محسوس کی جارہی تھی۔ جدید دور نے اہل علم کے سامنے متعدد نئے مسائل پیش کئے ہیں اوراب وقت کا تقاضا ہے کہ ماہرین اسلام ان مسائل کا حل تلاش کریں اس بارے میں علمی اور تحقیقی مضامین لکھ کر علمی حلقوں میں شعور وآگہی کوفروغ دیں۔

ششماہی علوم اسلامیہ انٹرنیشنل ایک باقاعدہ ادارتی مجلس کے تحت چلایا جائیگا جس میں قومی اور بین الاقوامی سطح کے جید علماء ڈاکٹرز پروفیسرزاور دانشور خواتین وحضرات شامل ہونگے۔ صرف وہی مضامین شائع کئے جائیں گے جن کو ریفری صاحبان کی منظوری حاصل ہوگی۔

اغراض ومقاصداور مجوزہ عنوانات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

- ☆ جدید عصر فقہی مسائل پر علمی وتحقیقی مباحث پیش کرنا۔
- ☆ دور حاضر میں اجتماعی اجتہاد کے تصور کی روشنی میں مسائل کا علمی جائزہ۔
- ☆ امت مسلمہ کو درپیش مسائل کا شرعی حل۔
- ☆ سائنس اور ٹیکنالوجی سے پیش شدہ مسائل کا جائزہ۔
- ☆ اسلامی اقتصادی نظام کی طرف ممکنہ پیش رفت۔
- ☆ نصاب تعلیم کو بہتر بنانے کے اوراساتذہ کی تدریسی ذمہ داریوں کو بہتر بنانے کے لئے سفارشات۔
- ☆ انسانی حقوق کے نفاذ میں موانع کا تعین اورانہیں دور کرنے کے لئے تجاویز۔
- ☆ دعوت وتبلیغ کا شرعی طریق کاراور وقت کے تقاضوں کے موافق ضروری مسائل وواقعات پر بحث۔

☆ علوم اسلامیہ کی اشاعت و ترویج اور اسلامی نظام تعلیم و تربیت پر ضروری مباحثہ۔

☆ عصری و دینی علمی اداروں کے مناہج پر بحث۔

☆ اساتذہ کے حقوق و فرائض۔

حواشی اور حوالہ دینے کا مجوزہ منہج

علمی اور تحقیقی مضمون لکھتے وقت اس اَمر کا اہتمام ضروری ہے کہ قاری کو تحریری کاوش کے مآخذ اور مصادر سے آگاہ کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے کہ مضمون کے آخر میں ترتیب کے ساتھ حوالہ جات کا مکمل ذکر کیا جائے اور اگر مناسب ہو تو مزید توضیحی نکات کا اندراج بھی کیا جائے۔ علوم اسلامیہ کی مجلس ادارت نے اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل منہج تجویز کیا ہے۔ محققین اور مضمون نگار حضرات سے دخواست ہے کہ اپنی تحریری کاوش ارسال کرتے وقت اسی منہج کو پیشِ نظر رکھیں تا کہ مضامین میں یکسانیت برقرار رہے۔

1- اگر کسی کتاب کا حوالہ دینا ہے جس کا ایک ہی مصنف/ مؤلف ہے تو مصنف/ مؤلف کا نام اس کے بعد کتاب کا نام اس کے بعد مطبع اور سن اشاعت اور پھر صفحہ نمبر کا اندراج کیا جائے صفحہ/صفحات کیلئے ''ص'' بطور مختلف استعمال کیا جائے۔ مثلاً:

مولانا عبدالماجد دریا آبادی، سیرت نبویﷺ قرآنی۔ مکہ بکس بیرون موچی دروازہ، لاہور ۱۹۸۸، ص ۸۷۔

مصنف، کتاب اور دیگر جدا جدا مطلوبہ معلومات کے درمیان سکتہ (comma) کا اہتمام ضروری ہے تا کہ کسی قسم کا ابہام پیدا نہ ہو تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ لاہور اور ۱۹۸۸ کے درمیان اور ص ۸۷ کے درمیان سکتہ کی ضرورت نہیں حوالہ کی تکمیل کے بعد ختمہ (full stop) ڈال دیا جائے اگر مصنف/ مؤلف کا نام یا سال اشاعت معلوم نہ تو لکھا جائے کہ مصنف/ مؤلف نامعلوم یا مطبع / سال اشاعت نامعلوم۔

2- اگر مصنف/ مؤلف ایک سے زیادہ ہوں تو دونوں مصنفین/ مؤلفین کے ناموں کا اندراج اسی ترتیب سے ضروری ہے جس ترتیب سے ان کا ذکر کتاب کے سرورق پر کیا گیا ہے۔ اگر مصنفین / مؤلفین دو سے زیادہ ہوں تو صرف دو اوّل الذکر کا اندراج کافی ہے اور اس کے بعد اور دیگر کے الفاظ کا اضافہ کیا جائے۔